© rasailojaraid.com

بھی بیان کیے ہیں۔ ان کے علاوہ دو تین مضمون سوانحی انداز کے بھی ہیں اور آپ کے قلم سے لکھے ہوئے ایک خط کا عکس بھی ہے، تعزیت نامے بھی شامل کر دیئے گئے ہیں۔ بزرگان دین کا تذکرہ پڑھنا بھی ان کی صحبت سے کم مفید نہیں ہوتا اور چونکہ اس نمبر کی ادبی حیثیت بھی بلند ہے اس لئے اس کا مطالعہ ہم خرما و ہم ثواب کا مصداق ہوگا۔

ندائے ملت ہفتہ وار کا رسول نمبر، مرتبہ حکیم عبدالقوی وغیرہ۔ سائز اخباری کتابت و طباعت بہتر قیمت ۲/ روپے۔ پتہ: دفتر ندائے ملت لکھنؤ۔

"ندائے ملت" ایک وقیع ہفتہ وار مجلہ ہے۔ یہ خاص نمبر سیرت نبوی علی صاحبہا الصلوٰۃ والسلام پر مقالات و مضامین کے لئے مخصوص ہے۔ اس نمبر کی خاص بات یہ ہے کہ اس میں مطبوعہ اور غیر مطبوعہ مضامین کی کوئی پابندی نہیں کی گئی ہے بلکہ محنت کر کے کوشش اس بات کی گئی ہے کہ قدیم و جدید لٹریچر میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت مقدسہ اور آپ کی تعلیمات سے متعلق جو بہتر سے بہتر تحریریں موجود ہیں ان کا خلاصہ (اگر وہ تحریریں عربی میں ہیں ... تو ترجمہ کے ذریعہ اور اگر اردو میں ہیں تو جوں کی توں) پیش کر دی جائیں۔ انتخاب میں اس امر کا لحاظ رکھا گیا ہے کہ جدید ذہن جن افکار و خیالات جدیدہ سے متاثر ہے اور جو معاملات و مسائل اسے درپیش ہیں ان مضامین سے اس کی اصلاح ہو سکے۔ اس بنا پر مضامین سب کے سب فکر انگیز سبق آموز اور بصیرت افروز ہیں۔ نظم کا حصہ بھی خوب ہے۔ اس میں اکابر شعرائے اردو و فارسی کی جو نعتیں درج ہیں وہ بڑی ولولہ انگیز اور وجد آفریں ہیں۔ غرض کہ یہ خاص نمبر ہر طرح ۔۔ کامیاب اور اس طرح کے عام خاص نمبروں سے بہت ممتاز اور نمایاں ہے۔ اس کا مطالعہ دیدہ و دل کی غیر رسمی اور خاموش عبادت ہے۔ فجزاہم اللہ احسن الجزا۔

انڈو ایرانیکا، مرتب خصوصی ڈاکٹر ایرانی ۔ وت تقطیع متوسط۔ ضخامت ۱۸۴ صفحات۔ ٹائپ عمدہ قیمت ۵/ روپے۔ پتہ:- ایران سوسائٹی نمبر ۱۲ کڈ اسٹریٹ۔ کلکتہ ۔ ۱۶

"ایران سوسائٹی کلکتہ" ملک کی ایک بڑی قابل قدر سوسائٹی ہے جس نے فارسی زبان

© rasailojaraid.com